ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ


پریس ریلیز ((423

15.08.24

**بہاولپور(          )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور اسد سرفراز خان کا بہاولپور پولیس کے افسران و جوانوں کی ویلفیئر کیلئے احسن اقدام، بہاولپور پولیس اور یونیک (Unique) اکیڈمی بہاولپور کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط۔پولیس افسران وجوانوں کی ویلفیئر بھی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے،ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق بہاولپور پولیس کے افسران و جوانوں کے بچوں کو سستی اور معیاری تعلیم و تربیت کی فراہمی کے لیے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور اسد سرفراز خان اور یونیک(Unique)اکیڈمی بہاولپور کے پرنسپل نے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے۔مفاہمتی یادداشت کی تقریب ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور میں منعقد ہوئی۔مفاہمتی یادداشت کے مطابق یونیک(Unique)اکیڈمی بہاولپور پولیس کے شہدا، حاضر سروس اور ریٹائرڈ افسران و جوانوں کے بچوں کو رعائتی فیسوں پر تعلیم مہیا کریگا۔معاہدے کی رو سے پولیس کے شہدا، حاضر سروس اور ریٹائرڈ آفیسران و جوانوں کے بچے ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور سے سرٹیفکیٹ حاصل کر کے داخلہ لینے کے مجاز ہونگے۔اس موقع پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کہا کہ ہم پولیس کے شہدا، حاضر سروس اور ریٹائرڈ آفیسران و جوانوں کے بچوں کی معیاری تعلیم کے لیے مزید عملی اقدامات کریں گے اور مختلف تعلیمی اداروں کے ساتھ مزید ایم او یوز دستخط کیے جائیں گے۔پرنسپل یونیک اکیڈمی بہاولپور نے پولیس کے شہدا، حاضر سروس اور ریٹائرڈ افسران و جوانوں کے بچوں کی تعلیم کے حوالے سے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ڈی پی او اسد سرفراز خان نے مزید کہا کہ پولیس جوانوں کی ویلفیئر بھی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



Memorandum of Understanding

Between

Punjab Police Government of the Punjab

&

Unique Academy, Bahawalpur

This memorandum of understanding (MOU) is between Unique Academy, Bahawalpur here in after referred to as the Punjab Police Government of the Punjab which expression shall include its successors and assignees of ONE PART and Unique Academy, Bahawalpur, here in after referred to as the Academy, which expression shall include its representative and assignee of the OTHER PART, for special discounts in tuition fee for the children of officers/officials of Punjab Police martyred and serving, on terms and conditions, mentioned herein below:-

1. The Unique Academy, Bahawalpur, shall provide Fee Discounts to the children of employees (Shuhada/serving and died during service) of Punjab Police-Government of the Punjab who are either studying in the Schools.
2. Students getting concession will have to abide by the prescribed criteria vis-à-vis other students.
3. A student desirous of availing special discounts in fee shall route his/her application alongwith requisite documents, to Principal of Unique Academy, Bahawalpur, through the Punjab Police Government of the Punjab.
4. Any direct application for concession in fee shall not be entertained.
5. In witness whereof, the parties through their duly authorized representatives, have executed this MoU on the days and dates set out below, and certify that they have read understood, and agreed to the terms and conditions as set forth herein.



بہاول پور: ڈی پی او اسد سرفراز خان بہاولپور پولیس کے افسران وجوانوں کی ویلفیئر کیلئے یونیک(Unaque)اکیڈمی بہاولپور کی انتظامیہ کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر رہے ہیں ۔

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (424

مورخہ 15.08.24

**بہاول پور (          ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی کمانڈ میں تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کامیاب کارروائی، ولائتی شراب اور منشیات کی بڑی کھیپ برآمد، منشیات سپلائی کرنے والا ڈیلر گرفتار، مقدمہ درج۔**

**بہاولپور کو منشیات فری زون بنانے کا عزم ہر صورت پورا کیا جائے گا، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ ایس ایچ او تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ فیصل امین نے اپنی ٹیم کے ہمراہ خفیہ انفارمیشن پر کامیاب کارروائی عمل میں لاتے ہوئے شہر و مضافات کے مختلف علاقوں میں شراب سپلائی کرنے والے چنیوٹ کے رہائشی حسن نواز کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ولائتی شراب کی 425 بوتلیں اور 1280 گرام چرس برآمد کر کے تفتیش شروع کر دی۔ منشیات فروشوں کے اس نیٹ ورک میں شامل باقی ملزمان کو بھی جلد گرفتار کر لیا جائے گا۔ بہاولپور کو منشیات فری زون بنانے کا عزم ہر صورت پورا کیا جائے گا۔ منشیات و شراب فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا سلسلہ مزید تیز کیا جا رہا ہے۔ ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ایسا گھناؤنا کاروبار کرنے والے افراد کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ بہترین کارکردگی پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ پولیس کو شاباش دی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی کمانڈ میں تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ پولیس نے منشیات سپلائی کرنے والا ڈیلر گرفتار کر کے ولائتی شراب و چرس کی بڑی کھیپ برآمد کی